انڈر13 اسکلز ڈویلپمنٹ کیمپ پیر سے شروع ہوگا

لاہور3مارچ2024:

ملتان کے انضمام الحق ہائی پرفارمنس سینٹر میں پیر سے شروع ہونے والے انڈر13 سکلز ڈویلپمنٹ کیمپ میں کل46 کھلاڑی حصہ لینے کے لیے تیار ہیں۔

کیمپ4 سے11 مارچ تک چلے گا۔

سہیل تنویر کی سربراہی میں قومی جونیئر سلیکشن کمیٹی نے حال ہی میں ختم ہونے والے قومی انڈر13 ون ڈے ٹورنامنٹ 24-2023 میں ان کی کارکردگی کی بنیاد پر کھلاڑیوں کو شارٹ لسٹ کیا ہے۔ کھلاڑیوں میں18 بیٹرز، 16 اسپنرز، نو فاسٹ بولرز اور تین وکٹ کیپر شامل ہیں۔

کیمپ میں نوجوان کھلاڑیوں میں کھیل سے متعلق آگاہی اور مہارت کی نشوونما پر توجہ دی جائے گی۔ حافظ سجاد اکبر12 رکنی سپورٹ اسٹاف کی قیادت کریں گے۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر اعزاز چیمہ اسسٹنٹ کوچ جبکہ سعید بن ناصر بیٹنگ کوچ کے فرائض انجام دیں گے۔

سابق پاکستانی خواتین انٹرنیشنل ناہیدہ خان اسسٹنٹ بیٹنگ کوچ کے فرائض انجام دیں گی۔ سابق ٹیسٹ فاسٹ بولر شبیر احمد فاسٹ بولنگ کوچ ہوں گے۔

ہیڈ کوچ این سی اے، شاہد انور: "یہ انڈر13 سکلز ڈویلپمنٹ کیمپ ملک میں نوجوان ٹیلنٹ کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ اس کیمپ میں کھلاڑیوں کو ان کے کھیل کے احساس سے آگاہ کیا جائے گا اور ساتھ ہی ساتھ انہیں بے خوف کرکٹ کھیلنا سکھائی جائے گی۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial